

# سنکھ (گھونکا)

فائدے اور استعمال

کشتہ سنکھ بنانے کا طریقہ

# کشتہ سنکھ












علم سنیاس و کشتہ سازی

چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی



# کشتہ سنکھ

ڈاکٹر سید رضوان شاہ

ڈاکٹر سید ایم۔این۔اے کاظمی

حکیم سید اعجاز حسین

چیف ایڈمن حکیم عبدالکریم آزاد سنیاسی

حکیم منصور الحق

حکیم خضر عباس

صلاح الدین منصوری انڈیا

حکیم عبدالمتین

ڈاکٹر حکیم عبدالسلام فرام جوہر آباد

حکیم عبدالقیوم خان

# کشتہ سنکھ

## ھوالشافی

استاد عبدالکریم آزاد صاحب کی معرفت نسخہ پیش کر رہا ہوں۔

سنکھ مصفٰی کو ترپھلے کے پانی میں اتنی دیر بجھاوے دیں کہ سنکھ پاؤڈر ہو جائے۔

پھر اس کو شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر سکھالیں۔۔

پھر گل حکمت کر کے پندرہ کلو اوپلوں کی ہوا بند آگ دیں۔

ٹھنڈا ہونے پر کھولیں۔

اندر سے سفید کشتہ ملے گا۔

## مقدار خوراک

ایک رتی صبح نہار منہ مکھن میں دیں اور شام کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے مکھن میں دیں۔ دس دن کافی ہے۔

## خواص و فوائد

غدود، کنٹھ مالا، سانپ کا زہر اور کینسر کے لیے اکسیر ہے۔

سنیاسی سنبھومل

## کشتہ سنکھ

**500** گرام پوست ریٹھہ لیکر اس کو

**4** لیٹر گرم پانی میں بھگو دیں دو تین دن بعد اس کو آگ پر ایک

جوش دیں بعد سرد ہونے پر اس پانی کا مقطر لیں

**250** گرام مصفی سنکھ لیکر اس کو آگ پر گرم کر کے اس مقطر

پانی میں بجھاؤ دیں اس طرح **7** سے **21** یا زیادہ بجھاؤ دیں جتنے زیادہ

بجھاؤ ہوں گے سنکھ میں مزید بہتری آتی جائے گی بعد اس سنکھ کو کوزہ

میں بند گل کر کے **15** کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں مقطر

پانی سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بند گل کر کے 7 کلو کی آگ دیں

سرد ہونے پر نکالیں کھرل کریں ٹکیہ بنا کر 7 کلو کی آگ دیں اس

طرح تمام پانی جذب کرائیں

7 کلو کی آگ دیں کل 3 آگ دیں کشتہ سنکھ اعلیٰ درجہ کا تریاق تیار

ہے

پیس کر محفوظ رکھیں

## مقدار خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک مناسب بدرقہ سے دیں

## فوائد

تمام زہریلے اثرات کو بزریعہ پیشاب وپسینہ خارج کرتا ہے

کمزوری ضعیف اعصاب

سل تپ دق

یورک ایسڈ

باقی وہ تمام فوائد جو کشتہ سنکھ میں پائے جاتے ہیں

عبدالکریم آزاد

## نسخہ سنکھ کا ہے

ہم اس کو دل کی دھڑکن پر استعمال کرتے ہیں اگر مریض کی دل کی دھڑکن بہت تیز ہوتی ہے دورتی یہ کشتہ بلائی میں رکھ کر کھالیں پھر

پانچ منٹ بعد چینی کا شربت بنا کر پی لیں دھڑکن نارمل ہو جائے گی اگر تین چار دن تک استعمال کریں دل کی دھڑکن تیز ہونا ٹھیک ہو جاتی ہے لمبا سنکھ لیے کر اس پر سبز بھنگ کوٹ کر لیپ کریں سنکھ نظر ناں آئے پھر کوئلے کی آگ میں رکھ دیں جب سنکھ سفید ہو جائے نکال کر بریک کوٹ کر رکھ لیں اور استعمال کریں

## کشتہ سنکھ

سنکھ حسب ضرورت لے کر آگ پر سوختہ کریں اور شیر مدار ڈال کر سحق کر کے دس سیر آگ دیں دمہ کھانسی نیز ہر تمام اپنے خوائص کے ساتھ کشتہ ہو گا

## نوٹ

یہ کشتہ سنکھ ذاتی تجربہ سے سوائے تانبہ کہ باقی ہر دھات کو کشتہ کرتا ہے

جست سکہ قلعی چاندی سونا پارا دھات بنا ہوا

ان میں سے کوئی ایک دھات لیں برادہ بنا کر ڈابل وزن یہ کشتہ سنکھ ڈال کر کنوار گندل سے سحق کر کے دو کلو آگ دیں پہلی آگ میں کشتہ ہو گا مزید 7 دفعہ آگ دیں

ذاتی مجرب شدہ تانبہ کے سوا باقی سب کو کشتہ کرے اور کشتہ بھی کام کرے گا شکریہ

## حکیم ضیاء احمد خان

## کشتہ شنکھ

شنکھ مدبر **250** گرام

بھوا بوٹی تازہ دیڑھ کلو

## ترکیب تیاری

شنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے بھوا بوٹی کا نغدہ اوپر نیچے دیکر ہنڈیا کو بند گلحکمت کر کے سکھالیں بعد **25** کلو کی آگ دیں کشتہ ہو گا.

## خوراک

نصف سے ایک ماشہ ہمراہ مکھن یا شہد سے

## فوائد

تمام بخاروں میں، سانپ اور دیوانے کتے کے زہر کا تریاق ہے.

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

## کشتہ شنکھ

شنکھ مدبر آدھا پاؤ

گھوکرو تازہ ایک پاؤ

## ترکیب تیاری

شنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے گھوکر و کے نغدہ میں رکھکر

ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈالکر کپڑ مٹی کر کے 20 کلو کی آگ دیں

کشتہ ہو گا.

## خوراک

دو سے تین. رتی تک.

## فوائد

تمام زہروں کا تریاق ہے، بدن کو تمام سمیات سے پاک کرتا ہے،

پرانے سے پرانے بخار کو دفع کرتا ہے، خون کی کمی کو بھی پورا کرتا

ہے، کڈنی فیلور کے مریض کو بھی استعمال کرایا جا سکتا ہے اسکے استعمال سے کریٹینائن لیول بھی نارمل ہوتا ہے،

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

### کشتہ شنکھ

شنکھ مدبر حسب ضرورت

شیر مدار حسب ضرورت

شنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے ایک ہانڈی میں ڈالکر اوپر سے شیر مدار ڈال دیں جس میں تھوڑا سا نمک ملا لیا گیا ہو شیر مدار اتنا

ہو کہ شنکھ تر بہ تر ہو بعد بند گلحکمت کر کے 15 سے 20 کلو کی

آگ دیں سفید براق کشتہ ہو گا.

یہ کشتہ میرے مطب پر ہمیشہ تیار رہتا ہے ایک وقت میں دو دو کلو

تیار کرتا ہوں.

## خوراک

نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک.

## فوائد

تمام بخاروں میں استعمال کرتا ہوں، تریاق حشرات الارض، سمیات،

پتھری کو توڑ کر نکال دیتا ہے، رسولیاں پر بھی کام کرتا ہے.

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

### کشتہ شنکھ

شنکھ مدبر 5 تولہ

گودہ گھیکوار حسب ضرورت

شیر مدار حسب ضرورت

### ترکیب تیاری

شنکھ کو انگاروں میں جلا کر پھولا کر لیں پھر باریک پیس کر گودہ گھیکوار میں تمام دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں بعد مضبوط بند کر کے دس کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر شیر مدار میں

تمام دن کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے بند کر کے دس کلو کی آگ دیں کشتہ ہو گا. باریک پیس کر رکھ لیں.

## خوراک

دو رتی

## فوائد

پرانے بخاروں میں ہمراہ بکری کے دودھ سے.

ریاحی امراض میں گھی کے ہمراہ

شانپ یا کتے کے کاٹے کیلئے مکھن یا شہد سے

اندرونی زخم بھرنے کیلئے، بلغم، صفرا اور خون کا فساد دور کرتا ہے،

تقویت معدہ کیلئے عجیب چیز ہے.

## حکیم محمد رضوان اللہ رفاعی انڈیا

### کشتہ شنکھ

گردہ کی انفیکشن اور فیلیور

کیلئے ہمارا مجرب نسخہ

### نسخہ

ایک عدد ناریل لیکر اوپر سے سوراخ بنا کر شنکھ مدبر حسب ضرورت

پیس کر ڈالیں اور سوراخ بند کر کے اوپر ا 2 / ۲ اڈھائی کلو کپڑ الپیٹ

کر سات کلوا پلی کی آگ دیں بعد ٹھنڈا ہونے کے شنکھ نکال کر کا کیپسول صبح وشام mg باریک پیس کر رکھ لیں 250 گوکھرو کاڑا سے دیں.

## گھوکرو کاڑا

گھوکرو خورد دس گرام - گھوکرو کلاں دس گرام موٹا موٹا کوٹ کر دو گلاس پانی میں ڈالکر پکائیں جب آدھا پانی باقی رہے تب چھان کر ٹھنڈا ہونے کے بعد صبح وشام آدھا آدھا پلائیں کیپسول کے ساتھ.

حکیم محمد رضوان اللہ قادری رفاعی انڈیا

# کشتہ شنکھ

شنکھ مدبر آدھا کلو

رس گھیکوار حسب ضرورت

گائے کا دودھ حسب ضرورت

## ترکیب تیاری

شنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر ایک ہانڈی میں ڈالکر اوپر سے رس گھیکوار اتنا ڈالیں کہ شنکھ تر بہ تر رہے بند گلحکمت کر کے 15 سے 20 کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر گائے کے دودھ

سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر بند گلحکمت کر کے **15** کلو کی آگ دیں عمدہ کشتہ ہو گا.

## خوراک

ایک سے دو رتی ہمراہ شہد.

## فوائد

خرابی ہاضمہ ، درد شکم ، اپھارہ ، قراقر شکم ، امراض جگر ، بخاروں کیلئے زبردست ہے اور نوجوانوں کو جو چہرے پر کیل نکلتی ہے کیلئے بھی کامیاب ہے. یہ بد نما چہرے کو خوبصورت بناتا ہے.

حکیم محمد رضوان اللہ قادری رفاعی انڈیا

# کشتہ سنکھ

ا پاو سنکھ کے کر اس کو اگ میں رکھیں جب سفید ہو جاے اس کو پیس کر دھماسہ کے ادھ کلو پانی میں بھگو دیں جب خشک ہونے قریب ہو اس کی چھوٹی چھوٹی ٹکیاں بنالیں اب اپ نے دھماسہ ادھ کلو نغدہ میں رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کریں اور بیس کلو اگ دیں ال کا کشتہ تیار ہے

## فوائد

مصفی خون پس سیل پھوڑے پھنسی کے لیے لاجواب ہے

## خوراک

ادھاماشہ

## کشتہ سنکھ

ھوالشافی

سنکھ کے ٹکڑے ایک کلو لے کر نمک والے پانی میں ڈال کر چولہے پر رکھ کر خوب گرم کریں جب **5،4** ابال آجائیں تو اتار کر سنکھ کے ٹکڑے نکال کر سادہ پانی سے **3،2** بار دھولیں تاکہ سنکھ اچھی طرح صاف ھوجائے

اب اس ٹکڑوں کو ایک کھدر کے کپڑے پر اس ترکیب سے بچھائیں کہ کپڑے پر پہلے کٹھ کے پتے رکھیں اس پتوں پر سنکھ کے ٹکڑے

رکھ کر اوپر پھر برگ کٹھ پھر سنکھ اس طرح 4 تہہ لگا کر کپڑے کو لپیٹ کر گانٹھ لگا دیں خیال رہے کہ سنکھ کہیں سے نظر نہ آئے اب کپڑے پر مٹی کا موٹا سا لیپ کر کے دھوپ میں سکھا کر 2 من اپلوں کی اگ دے دیں دوسرے دن شام کو نکال لیں سنکھ کشتہ ہو گا باریک پیس کر رکھ لیں

## خواص وخوراک

ہر مرض میں بڑوں کے لیے 2 رتی ہمراہ پانی بخار میں سات عدد فلفل سیاہ بارہک شدہ کے بلغم والی کھانسی میں عرق سونف سے خشک کھانسی اور منہ سے خون آنے میں طباشیر اور شکر تری سے پیٹ درد میں ہمراہ پھٹکڑی، کمزوری باہ و جسم ہمراہ مکھن، سرسام

میں ہمراہ جلوتری، چھاتی کے درد میں ہمراہ ترکٹہ، خشکی میں ہمراہ سائیدہ بادام، جریان وسیلان میں ہمراہ مصری، سوزاک میں ہمراہ آرد ماش میں اوپر سے دہی پینا ھے بھس، بواسیر، زیادتی پیاس میں ہمراہ مصری، ڈبہ اطفال کیلیے آدھی رتی ہمراہ مصری، آتشک میں ہمراہ دہی کے اور سرخی چشم وزہر خوردہ کے لیے بطور سرمہ استعمال کریں

سید اعجاز حسین گیلانی

کشتہ سنکھ

سنکھ حسب ضرورت لیکر گرم کر کے آب جل نیم میں بھجاوے دیں بار بار ایسا کریں حتکہ ٹوٹ کر بلکل اس میں برادہ ہو کر گر جائے اسی پانی سے کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں خشک کریں اور اسکو بیس سیر کی آنچ دے دیں

نکال کر اسکو ڈبل وزن آب جل نیم سے کھرل کر کے آگ دے دیں اگر سفید ہو جائے تو ٹھیک ورنہ ایک آگ اور دے لیں بہترین کشتہ ہو گا

## مقدار خوراک

ایک رتی

ہر قسم کے زہر کو جسم سے خارج کرنا اسکا ادنی سا کام ہے۔۔۔

پس سیلز جب کسی دوا سے ٹھیک نہ ہوتے ہوں تو اس کشتہ سنکھ سے بلکل ٹھیک ہو جاتے ہیں

میں اس کو مختلف طریقوں سے استعمال کرتا ہوں۔۔۔

اسکے ساتھ گندھک مدبر در شیر میش برابر وزن ملا کر پانچ سو ملیگرام کا کیپسول جلدی امراض کا کامیاب علاج ہے

ہلدی کے ساتھ اسکا زوج پس سیلز کو بلکل کلیر کر دیتا ہے

## کشتہ سنکھ

اجزا

سنکھ مدبر **1** پاؤ

شیر مدار حسب ضرورت

## ترکیب تیاری

سنکھ کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے ایک روغنی ہانڈی میں ڈالکر اوپر سے شیر مدار ڈال دیں جس شیر مدار اتنا ہو کہ سنکھ سے **1** انچ اوپر ہو اچھی طرح بند گلحکمت کرکے **20** کلو کی آگ دیں سفید براق کشتہ ہو گا.

## خوراک

دو سے تین رتی دن میں دو دفعہ

## فوائد

تمام اقسام کے بخاروں میں استعمال کرتا ہوں بہت اچھے رزلٹ ہیں

حکیم عبد السلام فرام جوہر آباد (خوشاب)

## کشتہ سنکھ اکسیری

ھوالشّافی

پہلے پانچ سو گرام سنکھ کو کُھلا بیس سیر اوپر اور بیس سیر نیچے اُپلوں میں آگ دیں پھر پھر ایک دن دھوپ میں پھیلا کر اکسائیڈ کر کے شیر مدار سے کھرل کر کے ٹکیاں بنائیں اور خشک ہونے کے بعد پھر

مضبوط گلحکمت کر کے خشک کر کے برگِ سرس میں چالیس کلو اُپلوں کی آگ دیں.

## مقدار خوراک

آدھی رتی سے ایک رتی تک ہمراہ دودھ یا عرق پودینہ عرق مکوہ غیرہ. دن میں دوبار.

## فوائد

یہ کشتہ دم کشی یعنی سیڑھیوں پہ چڑھنے. زیادہ تیز چلنے سے سانس بے حال اور جسم نڈھال وبیجان اور دل کی دھڑکن تیز ہونا. چند قدم چلنے سے سانس ڈسٹرب ہونے کے لیئے میرا مجرب ترین نسخہ ہے

اسکے علاوہ مصفی خون بھی ہے۔ ناخنوں کی جڑوں میں اکثر پیپ پڑ کر خراب ہو کر نا قابل برداشت درد شروع ہو جاتی ہے وہ بھی اس کشتے کے استعمال سے چند دنوں میں مندمل ہو کر ٹھیک ہو جاتے ہے۔

جسم کے رگ رگ سے پس کو ختم کرتی ہے۔ گلٹیوں کو تحلیل کرتی ہے۔ بخاروں پہ بھی مجرب پایا ہے۔

حکیم جمیل احمد پیر سباقی

## کشتہ سنکھ

ایک کلو لے کر 8 کلو اپلوں کے درمیان رکھے آگ دے

سفید براق نکلے گا

باریک کر کے دو کلو اب گشنیز ڈال کے

گیس کے آگ پر آہستہ آہستہ نیم خشک کر کے **4** ٹکیہ بنا کے

ایک کلو نغدہ دھنیا سبز میں رکھے روغنی ہانڈی میں گل حکمت کرے

**15** کلو اپلوں کے آگ دیں

سفید براق نکلے گا

## خوراک

دو رتی تا آدھا ماشہ

گرمیوں کا بہترین تحفہ ہے

اور تمام غدی امراض کیلئے تریاق ہے

## حکیم مولانا عمری دواخانہ منڈی بہاؤالدین پنجاب

# کشتہ سنکھ

سنکھ **50** گرام شیر مدار آدھا پاؤ میں اچھی طرح کھرل کریں ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں دس کلو کی آگ دے دی پھر **50** گرام شیر مدار میں کھرل کر کے تکیہ بنا کر خشک کر لیں ایک نیولا مار کر اس کا پیٹ چاک کر کے ٹیکیہ اس میں رکھ کر کوزے میں گل حکمت کر کے **15** کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر تمام دواؤں کو باریک پیس لیں پھر چار عدد مور کے انڈے میں کھرل کر کے خشک کرلیں تیار ہے۔

یہ کشتہ تمام سموم حیوانیہ اور نباتیہ کا تریاق ہے

## خوراک

ایک رتی سے چار رتی تک

## حکیم عبد الکریم آزاد سنیاسی

میری ناقص راء کے مطابق شاید اس لیے کیونکہ شیر مدار بذات خود زہروں کا تریاق ہے جب یے سنکھ کے ساتھ شامل ہوتا ہے تو کشتہ سنکھ کی افادیت میں مزید چار چاند لگا دیتا ہے

ٹھیک اس طرح جس طرح سانپ بچھو باولے کتے کے زہر کے لیے میڈکل میں جو دوا تیار کی جاتی ہے

مثلاً سانپ کے زہر کی مناسب مقدار گھوڑے کو بزریعہ انجکشن لگاتے ہیں یوں روز بروز اس کی مقدار میں اضافہ کیا جاتا ہے اس طرح گھوڑے کو سانپ کے کی مقدار لگاتے جاتے ہیں یہاں تک کہ فل ڈوز کی مقدار بھی لگانے سے گھوڑا حلاک نہیں ہوتا وجہ یے کہ کم مقدار سے شروع ہو کر فل مقدار پر جب ڈوز دی جاتی ہے اس وقت تک گھوڑا اس کے منفی اثرات کو برداشت کر چکا ہوتا ہے اب اگر اس گھوڑے کو سو سانپ کے زہر کی ڈوز استعمال کی جائے تو بھی اس گھوڑے کو نقصان نہیں ہو گا

جب اس حد تک گھوڑا ڈوز برداشت کرتا ہے تو اس کے گردن کی مخصوص رگ کو کاٹ کر اس کے خون کو محفوظ کر لیا جاتا ہے اب

اس کے محفوظ خون سے جو پانی جمع ہو گا اس کو بطور تریاق زہروں کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے

یہی وجہ اس کشتہ سنکھ میں شیر مدار کی ہے بار بار عمل کر کے کشتہ سنکھ کو تریاق بنایا جاتا ہے تا کہ یے فوراً ہضم ہو کر خون میں شامل ہو جائے اور زہروں کے اثرات کو نابود کرنا شروع کرے

اگر ریسرچ طب کے شوقین سنکھ کو شیر مدار کی مدد سے کشتہ کے بجائے روغن میں تبدیل کریں تو دنیا طب میں فلفور اثرات کی حامل دوا بطور تریاق بزریعہ انجیکشن یا خوراکی کبھی نا خطاء ہونے والی ایجاد ثابت ہو گی

ان شاء اللہ

## حکیم عبد الکریم آزاد سنیاسی

## کشتہ سنکھ موذی امراض کے لیے اکسیر

کشتہ سنکھ موذی امراض کے لیے اکسیر زہروں کا تریاق فاسد مادوں کے اخراج کے لیے اعلیٰ درجہ کا حامل ہے

نسخہ سے پہلے ہم یہاں پر قوت مدافعت پر کچھ گفتگو کریں گے تاکہ سمجھنے میں آسانی ہو

قدرت نے تمام مخلوق کو الگ الگ انداز میں تخلیق کیا ہے

ہر ایک مخلوق میں الگ الگ قوتیں کام کرتی ہیں

اس مخلوق میں ہم انسان اشرف المخلوق ہیں

ہر جاندار میں قوت مدافعت کا اہم رول ہوتا ہے

خاص کر انسان میں

قوت مدافعت خواہ انسان میں ہو یا دیگر حیوانوں میں ہو

قدرت نے اس کو بیماریوں سے بچاؤ کے لیے جسم میں پیدا کیا ہے

تاکہ جس وقت کوئی مرض پیدا ہوتا ہے تو قوت مدافعت حرکت

میں آکر مرض کے مہلک جراثیموں کو نابود کرنے کے لیے اپنی

طاقت وصلاحیت استعمال کرتی ہے یعنی جس عضو میں مرض پیدا

ہوتا ہے تو قوت مدافعت فوراً حرکت میں آکر اس کا مقابلہ کرتی ہے

یوں ان دونوں میں سخت مقابلہ جاری رہتا ہے اگر و قوت مدافعت

جیت جائے تو صحت و تندرستی کی ضمانت ہو گی

اور اگر قوت مدافعت کمزور ہو کر بازی ہار جائے تو ہلاکت کا اندیشہ

پیدا ہو جاتا ہے

یعنی ان دونوں کی جنگ فتح یا شکست کا مقابلہ ہے

تمام مخلوق میں انسان کے جسم میں بنسبت دیگر مخلوق کے قوت

مدافعت کم ہے

مثلاً آپ حیوانات میں دیگر مخلوق کا جائزہ لیں تو ان میں قوت

مدافعت کی صلاحیت انسان کے مقابلہ میں زیادہ ہے یہی وجہ ہے کہ

دیگر جاندار یعنی جانور کم ہی بیمار ہوتے ہیں اور ان کی صحت انسان کے مقابلہ میں زیادہ تندرست رہتی ہے اس کی وجہ ہے قوت مدافعت جانوروں میں یے قوت زیادہ مضبوط اور طاقت سے کام کرتی ہے

ہم سب بخوبی آگھا ہیں کہ بچوں میں کھانسی نزلہ زکام نمونیا جیسے امراض جلد پیدا ہو جاتے ہیں جبکہ بڑھاپے میں دمہ کھانسی جوڑوں کا درد وغیرہ وغیرہ

کسی بھی بیماری کا علاج کرنے سے پہلے قوت مدافعت کو لازم ایکٹو کریں یہی وہ قوت ہے جو بیمایوں سے لڑنے کی صلاحیت رکھتی ہے اور تمام تر امراض کو شکست دینے میں اہم کردار ادا کرتی ہے اس

کلیا کو جس نے سمجھ لیا اس نے دنیا کے تمام ہٹیلے امراض پر عبور حاصل کر لیا

قوت مدافعت کو تقویت بخشنے کے لیے ہم یہاں پر کشتہ سنکھ کا ذکر کرتے ہیں جس کے استعمال سے قوت مدافعت کی طاقت میں حیران کن اضافہ ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے طبیب کئ امراض کا با آسانی علاج کر سکتا ہے

## کشتہ سنکھ

**50** گرام سنکھ لیکر اس کو آب ریٹھہ میں **7** سے **21** بجھاؤ دیں کوزہ میں بند گل کر کے

5 کلو اپلوں کی ہوا سے محفوظ جگہ پر آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

کشتہ پیسک بر آمد ہو گا اس کو ڈبل وزن شیر مدار سے کھرل کر کے دو

عدد باریک و گول ٹکیہ بنائیں

1 گرام پترہ سونا جو بلکل کاغذ کی مانند باریک کیا ہوا لیکر ان ٹکیوں

کے درمیان رکھ کر بند گل

5 کلو کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں

دنوں اجزاء کشتہ ہوں گی ان کو دوبارہ ڈبل وزن شیر مدار سے کھرل

کر کے ٹکیہ بنا کر بند گل کر کے

5 کلو کی آگ دیں اس طرح

## 7 عمل کریں

اعلیٰ درجہ کا تریاق

قوت مدافعت کا خزانہ آپ کو نے تیار کر لیا ہے

پیس کر قوت مدافعت کے جن کو بوتل میں محفوظ رکھیں

## استعمال خوراک

نصف رتی سے ایک رتی مناسب بدرقہ سے دیں

جہاں تمام تر علاج فیل ہوں وہاں اس کا استعمال کریں

بفضل خدا

شفاء ہو گی

## عبدالکریم آزاد

## کشتہ سنکھ

### برائے مار گزیدہ اکسیر اعظم

سنکھ ایک چھٹانک کو تین مرتبہ شیر مدار سے تر وخشک کرلیں اور غلولہ بنالیں پھر ایک نیولا بڑے سائز کا پکڑ کر اسکا پیٹ چاک کر کے غلولہ رکھ کر سی دیں اور کسی کوزہ میں مضبوط گل حکمت کر کے دو من جنگلی اوپلوں کی آگ دیں کشتہ تیار ہے

ایک تنکا مکھن مین رکھکر کھلا دیں اگر بیہوش ہو گیا ہو تو استرے سے سر کے بال کٹوا کر اوپر تھوڑی سی دوائی مل دیں ان شا اللہ کلمہ پڑتا ہوا اٹھے گا۔۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

## اوجاع کیپسول

سنکھ سو گرام، کچلہ سو گرام، بچھناگ پچاس گرام، شیر مدار حسب ضرورت

کچلہ اور بچھناگ کو جو کوب کر لیں، ایک روغنی ہانڈی میں سنکھ کو کچلہ اور بچھناگ کے جو کوب شدہ سفوف کا فرش ولحاف دے کر اوپر اتنا شیر مدار ڈالیں کہ ادویہ ڈوب جائیں۔ کوزہ گلی کو سمپٹ کر کے

خشک کرلیں اور ایک من اپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں اور شیر مدار کی مدد سے تولہ تولہ کی ٹکیاں بنالیں۔ اور دس کلو کی آگ دیں۔ یہی عمل دوبارہ پھر کریں تیار ہے۔ (یہ دس کلو والی آگ بعض اساتذہ دس مرتبہ دیتے ہیں)۔ ٹھنڈا ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ اور دو دو رتی کے کیپسول بھر لیں۔

اس کیپسول کے ساتھ اسگند ناگوری اور کوزہ مصری کا برابر وزن سفوف بمقدار ایک گرام ہمراہ دودھ صبح شام دینا ہمہ اقسام کی جسمانی دردوں کیلیئے اکسیر صفت بیان کیا گیا ہے۔

میرا غیر مجرب ہے۔

از حکیم بابر حسین ندیم

---

# ختم شد

جن احباب نے کشتہ سنکھ کے ٹاپک میں حصہ لیا اپنا علم و تجربہ شیئر کیا ان کے نام ذیل میں درج ہیں

حکیم قاری محمد سر آپ کا مکمل نام شو نہیں ہو رہا نسخہ کے اینڈ میں اپنا مکمل نام درج کریں

## حکیم محمد قاسم علوی



# حکیم شاہد کیانی

# حکیم ضیاء احمد خان

# حکیم مصعب علی

# حکیم محمد رضوان اللہ شاہ قادری رفائی

# حکیم بلال سنیاسی

# حکیم قاری شکیل احمد



# حکیم عبدالجبار

# حکیم سید اعجاز حسین شاہ گیلانی


# حکیم تجمل حسین

# حکیم عمیر رضا

# حکیم عبدالسلام

# حکیم جمیل احمد پیر سباقی





# حکیم حافظ علی احمد

# حکیم محمد ندیم شریف

# حکیم مولانا عزام

# حکیم منظور

# سنیاسی سنبھو مل

# سید رضوان شاہ گیلانی

# حکیم علی اصغر

# حکیم نظیر احمد

# عبدالکریم آزاد

